## وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ کا پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کے ہمراہ نائن زیرو کا تعزیتی دورہ
## متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار افسوس

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے ہفتہ کی شام متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو کا تعزیتی دورہ کیا اور متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار دیگر اراکین رابطہ کمیٹی بیگم نسرین جلیل، اشفاق منگی، ڈاکٹر صغیر احمد، قومی وصوبائی اسمبلی میں ایم کیو ایم پارلیمانی لیڈر و ڈپٹی لیڈر حیدر عباس رضوی، سید سردار احمد، فیصل سبزواری اور حق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی سے اپنے گہرے افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے شہید ڈاکٹر عمران فاروق کی مغفرت اور درجات کی بلندی کیلئے دعا بھی کی اور ان کی سیاسی وسماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ پیپلز پارٹی کے رہنما رفیق انجینئر، راشد ربانی، وقار مہدی، عثمان غنی اور ڈاکٹر موہن لال دیگر بھی موجود تھے۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سید قائم علی شاہ نے کہا مجھے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر بہت افسوس ہے اور اپنے ساتھیوں کے ہمراہ اظہار تعزیت کیلئے آیا ہوں میں شہید ڈاکٹر عمران فاروق کو کافی عرصے سے جانتا تھا اور وہ ہمارے قریبی دوست بھی تھے، وہ الطاف بھائی کے ساتھ ساتھ رہتے تھے، 1998ء میں جب بھی کسی مسئلے پر گفتگو ہوتی تو میں دیکھتا تھا کہ وہ الطاف بھائی کے ساتھ ساتھ ہوتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اس سے پہلے بھی یہاں تعزیت کیلئے یہاں آنے کی کوشش کی تاخیر اس لئے ہوئی کہ میرا خیال تھا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی میت جلد آجائے گی تو تعزیت وفاتحہ کیلئے آؤنگا لیکن اب اطلاعات ہیں کہ ان کی شہادت کی تحقیقات میں وقت لگ جائے گا لہٰذا میں اب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کے دوستوں سے تعزیت کیلئے آیا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ایم کیو ایم کے ساتھ ڈھائی سال بھائیوں کی طرح گزرے ہیں آئندہ بھی مشورے سے ساتھ چلیں گے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی شہادت پر اظہار تعزیت کیلئے نائن زیرو آنے پر وزیراعلیٰ سندھ اور پیپلز پارٹی کے دیگر رہنماؤں سے اظہار تشکر کیا اور کہا کہ ایسا کرنے سے ہم ایک دوسرے کے غم میں شریک ہوتے ہیں ڈھارس بنتی ہے اور تسلی ہوتی ہے، یہی طریقہ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بھی ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ شہید ڈاکٹر عمران فاروق پاکستان لائے جانے کے حوالے سے افواہیں اب بھی گردش میں ہیں کہ ان کی میت آج لائے جارہی اور کل لائے جارہی ہے۔ انہوں نے ایک دفعہ پھر واضح کیا کہ جیسے ہی ڈاکٹر عمران فاروق کی میت آنے کی اطلاع ملے گی ویسے میڈیا کے ذریعے عوام کو ان کی تدفین کے پروگرام سے آگاہ کردیا جائیگا۔

## ایم کیو ایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر نائن زیرو عزیز آباد میں اظہار تعزیت کرنے کیلئے
## سیاسی ومذہبی جماعتوں اور دیگر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کا سلسلہ بدستور جاری

کراچی۔۔۔24ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں تعزیت کیلئے آنیوالوں کا سلسلہ نویں روز بھی جاری رہا اور اس سلسلے میں تعزیت کرنے والوں میں سابق وزیراعلیٰ سندھ لیاقت جتوئی کے بھائی و سابق سینیٹر صداقت جتوئی، قونصلیٹ جنرل کیمرون وسابق ڈپٹی اسپیکر سندھ اسمبلی سید عبدالباری جیلانی، معروف ڈرامہ نگار ومصنف، دانشور محترمہ فاطمہ ثریا بجیا، جوناگڑھ اسٹیٹ مسلم فیڈریشن کے صدر فاروق کمال کی سربراہی میں وفد، جئے سندھ قومی محاذ آر ریسر گروپ، پیر ایوب جان سرہندی، پادری فرانس انور سردار خان، کراچی کسٹمز یونین کے صدر سید جاوید رضا، تنظیم محبان اہل سنت پاکستان کے سرپرست علامہ محمد اقبال نقشبندی، ادارہ تحیلیات غوث الاعظیم ٹرسٹ کے سرپرست اعلیٰ پیر مختار حسین صدیقی القادری، جامع مسجد خضراء دارالحکوم کے مہتمم محمد اسلم قریشی، محمد مکرم خان قادری ناظم علماء کونسل تحریک مہناج القرآن کراچی، تنظیم کاروانِ نجف، علامہ شاکر حسین زیدی، دعوت اسلامی مجلس رابطہ کمیٹی کے عہدیداران، خطیب محفلِ شاہ خراساں ڈاکٹر حسن رضوی، ماہی گیر اور مختلف برادریاں، ایم کیو ایم میرپورخاص، انچارج واراکین میرپورخاص زون، ٹنڈو جام، ٹنڈو محمد خان، لاڑکانہ زون، سانگھڑ زون، حیدرآباد لیبر ڈویژن اور ہالہ زون کے یونٹ وسیکٹر کمیٹیوں کے ارکان کے علاوہ اے پی ایم ایس او حیدرآباد سیکٹر کے ارکان اور حیدرآباد کے مختلف تعلیمی اداروں کے اساتذہ کرام طلباء وطالبات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے اپنے وفود کے ہمراہ نائن زیرو پہنچ کر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست نمائندوں اور دیگر ذمہ داران سے ایم کیو ایم کے کنوینر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کیا۔ تعزیت کرنے والوں نے ڈاکٹر عمران فاروق کے بہیمانہ قتل پر شدید الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کا قتل اس خطہ کا بڑا سانحہ ہے۔ انہوں نے شہید کی مغفرت اور سوگوار والدین و دیگر اہل خانہ خصوصاً قائد تحریک الطاف حسین کیلئے صبر جمیل کی دعائیں بھی کیں۔

## قیوم جتوئی کی جانب سے چیف جسٹس، مسلح افواج اور کرپشن کے بارے میں خیالات انتہائی افسوسناک ہیں۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ
## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور پیپلز پارٹی کی قیادت کواس کا نوٹس لینا چاہیے

کراچی۔۔۔ 25 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وفاقی وزیر برائے دفاعی پیداوار عبدالقیوم جتوئی کی جانب سے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس جناب افتخار محمد چوہدری، مسلح افواج اور کرپشن کے بارے میں بیان کئے گئے خیالات کے اظہار کوانتہائی افسوسناک قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک وفاقی وزیر کی جانب سے اس قسم کے خیالات انتہائی غیرسنجیدہ اور نازیبا ہیں اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور پیپلز پارٹی کی قیادت کواس کا نوٹس لینا چاہیے۔

## ایم کیوایم کے تحت لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں اتوار کو ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی ہوگی

کراچی۔۔۔24/ستمبر 2010ء

شہیدانقلاب رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 26،ستمبر بروز اتوار سہ پہر تین بجے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد کیا جائے گا جس میں شہیدکوز بردست خراج عقیدت پیش کیا جائیگا۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی میں متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے ارکان، وفاقی وصوبائی حق پرست وزراء، سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اور شہید کے عزیز واقارب شرکت کریں گے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں زیادہ سے زیادہ شرکت کرکے شہیدانقلاب کوزبردست خراج عقیدت وسلام عقیدت پیش کریں۔

## ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں تعزیت کیلئے لوگوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے

لندن۔۔۔25 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کے المناک سانحہ پر ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں تعزیت کیلئے لوگوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے۔گزشتہ روز انسانی حقوق کی تنظیم کے رہنما انصار برنی، مسلم ایسوسی ایشن یوکے کے صدر رفیق احمد حیات اور لندن، برمنگھم، مانچسٹر، ہیلی فیکس اور مختلف شہروں کئی وفود نے بھی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ آکر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی اور ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر تعزیت کی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم بیلجیئم کے ایک وفد نے بھی آرگنائزر سلیم خان کی سربراہی میں انٹرنیشنل سیکریٹریٹ آکر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت کی اور شہید رہنما کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔دریں اثناء ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کے المناک سانحہ پر پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے ٹیلیفون، فیکس اور ای میل کے ذریعے تعزیتی پیغامات موصول ہونے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔تعزیت کرنے والوں نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید رہنما نے حق پرستی کی تحریک میں آخری سانس تک باوفا رہ کر اور تحریک کے مشن ومقصد پر اپنی جان قربان کرکے وفا کی لازوال مثال قائم کی ہے جس پر ایک ایک حق پرست انہیں خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔

## رابطہ کمیٹی کا ایم کیوایم کے کارکنان سے اظہارِتعزیت

کراچی۔۔۔25 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ A-118 کے کارکن جاوید شیخ کی والدہ محترمہ حمیدہ بیگم اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ A-93 کے کارکن محمد عامر کے والد محترم محمد حسین کے انتقال پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین جو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆